© rasailojaraid.com

اس کتابچے پر شیخ محب الدین الخطیب اڈیٹر الفتح نے دیباچہ لکھا ہے۔ شیخ محب الدین عرب ممالک کے ادیبوں میں اس گروہ سے تعلق رکھتے ہیں جن کا نصب العین اسلام خالص کی دعوت ہے۔ شیخ نے مولانا موصوف کی بحث و نظر اور ان کی عربی خالص کی داد دی ہے۔

**دین کی باتیں** | از جناب ابوسلیم محمد عبدالحی مدیر الحسنات۔ شائع کردہ: مکتبہ الحسنات رام پور۔ یو۔ پی قیمت فی جلد (۱۲؍)

فاضل مصنف کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ وہ ایک عرصہ سے اس کوشش میں مصروف ہیں کہ بچوں اور عام پڑھے لکھے لوگوں کے لیے دین کو نہایت ہی آسان صورت میں پیش کیا جائے۔ زیر نظر کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس میں نہایت ہی سادہ انداز میں دین کا اجمالی تعارف کرا دیا گیا ہے۔ قیمت کے لحاظ سے طباعت اور کتابت کا معیار بھی قابل برداشت ہے۔

**جدید معاشیات** | مصنفہ جناب ایس ایم۔ یوسف شامی لیکچرار معاشیات گورنمنٹ کالج لاہور۔ شائع کردہ: پاکستان بک سٹور۔ اردو بازار لاہور۔ قیمت ساڑھے پانچ روپے۔

معاشیات ایسے خشک موضوع کو آسان پیرایہ میں بیان کرنے کی یہ ایک کامیاب کوشش ہے۔ کتاب کی زبان سادہ اور ہر قسم کے "تکلف" سے پاک ہے۔ فاضل مصنف نے اس میں ہر قسم کا رطب و یابس جمع نہیں کیا بلکہ علم معاشیات کے صرف مستند اور متعارف نظریات کو پیش کیا ہے۔ البتہ جہاں جہاں مغربی نظریات کے ساتھ اسلامی نقطۂ نظر کی وضاحت کی گئی ہے وہ حصے ابھی تشنہ ہیں۔ ضرورت ہے کہ دوسرے ایڈیشن میں ان کی تکمیل کر دی جائے۔ طلبہ کے علاوہ اس کتاب سے عام قارئین بھی مستفید ہو سکتے ہیں۔

---

© rasailojaraid.com